DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

**مورخہ 20-07-2023**

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | سرکاری افسران گڈ گورننس کے فروغ کیلئے اپنا کردار ادا کریں، صدر علوی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | فنی اور تکنیکی اداروں کو فعال کرنے کی ضرورت ہے، گورنر۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 03 | عبدالقدوس بزنجو کے دور میں عوامی نوعیت کے کئی اقدامات کیے گئے۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 04 | کسی بھی صوبے کا امن خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، ضیاء لانگو۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 05 | حکومت بلوچستان اور گوگل کے مابین سکالرشپس کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | بلوچستان ہائیکورٹ میڈیکل کالج و ٹیچنگ ہسپتال تربت کے ٹیسٹ روکنے کا حکم۔ | آزادی ودیگر اخبارات |
| 07 | گرین بس کا آغاز خوش آئند عوامی حلقوں کی جانب سے حکومتی اقدام تاریخی قرار۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 08 | الیکشن کمیشن کی جانب سے سیاسی جماعتوں سے اکاؤنٹس کی تفصیلات طلب۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | ژوب چھاؤنی پر حملے میں امریکی اسلحہ استعمال ہوا آئی ایس پی آر۔ | سینچری ودیگر اخبارات |
| 10 | مکران میڈیکل کالج و تربت ہسپتال میں بھرتیوں سے روک دیا گیا۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | ماہانہ امدادی فنڈ کرپشن فنکاروں کا عدالت سے رجوع کرنے کا فیصلہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | سب رجسٹرار آفس کا جونیئر کلرک کروڑوں کی کرپشن میں ملوث اینٹی کرپشن ریکارڈ قبضے میں لیکر تحقیقات شروع کردی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | برلن کے سیاح بلوچستان کا دورہ کرنے کے خواہشمند سیاحتی مقامات پر ترقیاتی منصوبوں کیلئے 785 ملین مختص کئے گئے منظور احمد۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | پولیو کے خاتمے کیلئے ٹیم ورک کے تحت کام کرنا ہوگا ڈپٹی کمشنر زیارت۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | چیک پوسٹوں پر پشتون اور بلوچ عوام کی توہین ناقابل برداشت ہے بلوچستان امن جرگہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | محرم الحرام میں قیام امن کا فروغ وقت کا تقاضہ ہے پیغام پاکستان امن کانفرنس۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | آئندہ انتخابات میں پی ڈی ایم کا اتحاد برقرار رکھنا مشکل لگ رہا ہے، مالک بلوچ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | حکومت آئی ایم ایف کی شرائط پر ٹیکسز عائد کر کے عوام کا خون نچوڑ رہی ہے، جمعیت نظریاتی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان

کوئٹہ فائرنگ سے نوجوان جاں بحق، دو مسلح گروہوں میں شدید فائرنگ دھماکے بھاری ہتھیاروں کا استعمال فورسز نے تصادم کو رکوا دیا صبح تک جنگ بندی، کوئٹہ 11 ملزمان گرفتار، بروری روڈ پر موٹر سائیکل چھیننے کے دوران مزاحمت پر نوجوان شدید زخمی، کوئٹہ فائرنگ سے نوجوان جاں بحق۔ کوئٹہ 13 سالہ مغوی بچہ زخمی حالت میں بازیاب، سی آئی اے پولیس کی کارروائی ملزم گرفتار،

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 20-07-2023

## عوامی مسائل

چمن مافیاز کی بڑے پیمانے پر بین الاضلاع چینی کی اسمگلنگ کا انکشاف، واسا پانی کی فراہمی میں ناکام ٹینکروں مافیا کی چاندی نرخوں میں ہوشربا اضافہ، ڈسٹرکٹ کونسل لسبیلہ میں حب کے ٹینڈرز میں کھیلوں کا انکشاف۔

## اداریہ:

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "کوئٹہ میں گرین بس سروس کا آغاز" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کوئٹہ میں گرین بس سروس کا آغاز ہوگا یا جس کا مقصد غریب اور متوسط طبقات کو شہر کے اندر سفر کی بہتر سہولیات کی فراہمی اور ٹریفک کے دباؤ کو کم کرنا ہے ابتدائی طور پر بلوچستان یونیورسٹی اور بلیلی کے درمیان بسیں چلائی جائیں گی اس روٹ پر 18 اسٹاپ مقرر کئے گئے ہیں بعد میں اسے شہر کے مزید علاقوں تک توسیع دی جائے گی ائیر کنڈیشنڈ بسوں میں خواتین اور بزرگ شہریوں کے علاوہ معذور افراد کے لئے وہیل چیئر کیساتھ سفر کرنے کی سہولت موجود ہے کوئٹہ شہر میں اس وقت نجی شعبہ مختلف علاقوں میں جو بسیں چلا رہا ہے ان کی حالت بہت اور کرائے بھی زیادہ ہیں اس بسوں میں لوگوں کو بھیڑ بکریوں کی طرح سوار کیا جاتا ہے خواتین اور بزرگوں اور طلباء کے ساتھ ناروا طرز عمل شکایات عام ہیں۔

## اداریے:

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے "کوئٹہ گرین بس سروس خوش آئند مگر نقصان کب تک" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے "خودکش حملہ" عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس نے "Empowering LG representataives" عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ 92 نیوز کوئٹہ نے "عام انتخابات اور نگران سیٹ اپ پر حکومت و اپوزیشن میں مشاورت" عنوان سے خلیل احمد کا مضمون تحریر کیا۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

DATE: 20 JUL 2023

Page No: 1

Bullet No. 1


## فنی اور تکنیکی اداروں کو فعال کرنے کی ضرورت ہے، گورنر

### شعوری کوششوں سے معاشی آسودگی کی نئی راہیں متعین ہوسکتی ہیں، نسٹ میں خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ جدید تقاضوں اور انسانی ضروریات سے متعلق ایسے پروگراموں کے انعقاد سے نئی نسل کو پل پل بدلتی دنیا کے ساتھ ہمقدم رہنے میں مدد اور رہنمائی ملے گی جب تک ہم قومی سطح پر اکیڈمیہ اور مارکیٹ کے درمیان اپنی معاشرتی ضروریات کے مطابق اشتراک پیدا کرنے کے پہلو کو سنجیدگی سے نہیں لینگے اُس وقت تک ہم حقیقی تعمیر و ترقی کی دوڑ میں شامل نہیں ہو سکتے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی نسٹ یونیورسٹی بلوچستان کیمپس کے دورے کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر کیمپس کے ڈین اینڈ ڈائریکٹر برگیڈیر ڈاکٹر وسیم خالق سمیت مختلف انڈسٹریز کے نمائندے بھی موجود تھے گورنر نے کہا کہ آج ہم بحیثیت قوم جس معاشی بدحالی، شدید غربت، بے روزگاری اور فکری پسماندگی سے دوچار ہیں ایسی شعوری کوششوں سے مجموعی طور پر معاشی آسودگی کی نئی راہیں متعین ہو جائیں گی بدقسمتی سے ماضی میں علم و سائنس کے شعبوں میں ریسرچ سینٹرز کے فقدان اور جدت و جدیدیت پر مبنی سوچ کو اختیار نہ کرنے کی وجہ سے ہم اپنے ماہرین اور محققین سے استفادہ نہ کر سکے یہ پورے بلوچستان کی خوش قسمتی ہے کہ اس میں 12 سرکاری یونیورسٹیوں کی موجودگی سے تقریباً تمام صوبے کے اضلاع کے طلباء و طالبات کو ہائیر ایجوکیشن کے ثمرات سے مستفید ہونے کے مواقع میسر ہیں ضرورت اس امر کی ہے ہم جدید سائنٹفک ایجوکیشن کے ساتھ ساتھ جدید مہارتوں کو سیکھنے پر توجہ مرکوز رکھیں انہوں کہا کہ ایک بات بہت واضح ہے کہ ہنرمند شخص کبھی کسی کا محتاج نہیں رہتا ضروری ہے کہ ہم صوبے بھر میں فنی اور تکنیکی تعلیم کے اداروں کو فعال کریں گورنر نے تجویز دی کہ ریسرچ اور ایڈووکیسی کیلئے سرکاری اور عوام سطح پر زیادہ سے زیادہ ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ، ریسرچ سینٹرز اور تھنک ٹینکس قائم کریں تاکہ ہمیں پالیسی سازی اور بجٹ سازی میں بھی ماہرانہ مدد و رہنمائی مل سکیں گورنر نے اکیڈمیہ اور انڈسٹری کے درمیان اشتراک پیدا کرنے کے حوالے سے نسٹ کیمپس بلوچستان کی کاوشوں کو لائق تحسین قرار دیا اور توقع ظاہر کی کہ اشتراک کا یہ سلسلہ آگے بھی جاری رہیگا اس سے قبل گورنر نے اسٹالز کا معائنہ کیا اور پروجیکٹ بنانے والے طلباء و طالبات میں ونر ایوارڈز تقسیم کیں۔

MASHRIQ QUETTA

## سرکاری افسران گڈ گورننس کے فروغ کیلئے اپنا کردار ادا کریں، صدر علوی

### بیوروکریسی ملکی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے محنت اور اخلاص کے ساتھ کام کیا کرے

### انصاف کی فراہمی کیلئے سرکاری حکام کو بروقت فیصلے لینے کی ضرورت ہے، وفد سے گفتگو

حب (آن لائن) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے کوئٹہ سے آئے ہوئے سرکاری افسران پر مشتمل مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے شرکا نے ملاقات کی اس موقع پر صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ سرکاری افسران ملک میں گڈ گورننس کے فروغ کیلئے اپنا........ بقیہ 41 صفحہ نمبر 9 پر

کردار ادا کریں بیوروکریسی ملکی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے محنت اور اخلاص کے ساتھ کام کیا کریں صدر مملکت کا بیوروکریسی کی جانب سے خدمات کی فراہمی بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا ملکی ترقی اور لوگوں کو انصاف کی فراہمی کیلئے سرکاری حکام کو بروقت فیصلے لینے کی ضرورت ہے فیصلہ سازی میں تاخیر خدمات کی فراہمی اور ملکی ترقی پر منفی اثر ڈالتی ہے ہمیں بہتر اخلاق اور انکساری کی اقدار کو اپنانے کی ضرورت ہے

## بلوچستان کے فنی اور تکنیکی تعلیم کے اداروں کو فعال بنایا جائے، عبدالولی کاکڑ

### صوبے کے طلبا و طالبات کو مواقع میسر ہیں، علم وسائنس کے شعبوں میں ریسرچ سینٹرز کے فقدان سے مشکلات میں اضافہ ہوا

### معاشرتی ضروریات کے مطابق اشتراک پیدا کرنے کے پہلو کو سنجیدگی سے نہیں لینگے حقیقی تعمیر و ترقی کی دوڑ میں شامل نہیں ہو سکتے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (نسٹ) بلوچستان کیمپس کے دورے کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ جد........ بقیہ 13 صفحہ نمبر 9 پر

ید تقاضوں اور انسانی ضروریات سے متعلق ایسے پروگراموں کے انعقاد سے نئی نسل کو پل پل بدلتی دنیا کے ساتھ ہمدم اور ہمقدم رہنے میں مدد اور رہنمائی ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ جب تک ہم قومی سطح پر اکیڈمیہ اور مارکیٹ کے درمیان اپنی معاشرتی ضروریات کے مطابق اشتراک پیدا کرنے کے پہلو کو سنجیدگی سے نہیں لینگے اُس وقت تک ہم حقیقی تعمیر و ترقی کی دوڑ میں شامل نہیں ہو سکتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کے روز نسٹ یونیورسٹی بلوچستان کیمپس کے دورے کے موقع پر منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر نسٹ کیمپس کے ڈین اینڈ ڈائریکٹر بریگیڈیر ڈاکٹر وسیم خالق سمیت مختلف انڈسٹریز کے نمائندے بھی موجود تھے

## عبدالقدوس بزنجو کے دور میں عوامی نوعیت کے کئی اقدامات کیے گئے

### جامعات کو گرانٹ ان ایڈ کا اجراء، بلدیاتی انتخابات، سیلاب اور زلزلہ زدگان کی بروقت امداد شامل

### ڈیجیٹل مردم شماری، نیشنل گیمز، صحافیوں کیلئے رہائشی کالونی اور ہاکرز ویلفیئر فنڈ کا قیام عمل میں لایا گیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر قیادت صوبائی حکومت کے عوامی نوعیت کے اہم اقدامات کی تفصیل طویل ہے جو مفاد عامہ کے تناظر کو مدنظر رکھتے ہوئے اٹھائے گئے ہیں وزیراعلیٰ نے ہمیشہ اپنے عمل سے ایک عوامی وزیراعلیٰ کا تاثر دیا ہے اور ان کے اس مثبت کردار کو عوامی سطح پر سراہا بھی جا رہا ہے اور ان کے جانب سے لیے جانے والے اقدامات کو بھرپور پذیرائی مل رہی ہے، وزیراعلیٰ کی زیر قیادت صوبائی حکومت نے گزشتہ عرصے میں جو اقدامات کیے ہیں ان میں سے چیدہ چیدہ اہم اقدامات کا ذکر کرنا ضروری ہے جس میں صوبے کے جامعات کو 2.5 ارب روپے کی گرانٹ ان ایڈ کا اجراء، صاف اور شفاف بلدیاتی انتخابات کا انعقاد، سیلاب اور زلزلہ زدگان کی بروقت امداد اور بحالی، پر امن ماحول میں ڈیجیٹل مردم شماری، 19 سال بعد نیشنل گیمز کا انعقاد، صوبے میں پہلی مرتبہ پی ایس ایل کے نمائشی میچ کا انعقاد، صحافیوں کے لیے رہائشی کالونی اور ہاکرز ویلفیئر فنڈ کا قیام، ماہی گیروں کے لیے رہائشی کالونی، ماہی گیر کا درجہ مزدور کے برابر قرار، گوادر کو اسپیشل ڈسٹرکٹ کا درجہ، پی پی ایل کے ذمہ صوبے کے واجبات کی ادائیگی کے لیے عملی اقدامات، سیندک میٹل لمیٹڈ کی جانب سے صوبے کو 2.5 ارب روپے کی ادائیگی، نوجوانوں کی اسکل ڈویلپمنٹ کے لئے انڈوومنٹ فنڈ کا قیام، بار کونسلوں اور بار ایسوسی ایشنز کو گرانٹ ان ایڈ، بارڈر ٹریڈ کی موثر روانی کے لئے بارڈر مارکیٹوں کا قیام، صوبے کے مختلف اضلاع میں انٹرن اساتذہ کی مستقلی، محکمہ اعلیٰ تعلیم کے زیر انتظام سرچ کمیٹی کی سفارشات پر جامعات کے وائس چانسلرز کی نامزدگی، اساتذہ کی ان کے متعلقہ اضلاع میں تعیناتی، غیر فعال سکولوں کی فعالی، پاک ایران سرحد پر بارڈر مارکیٹ کا افتتاح، ایران سے گوادر کو 100 میگاواٹ بجلی کی فراہمی کے منصوبے کی تکمیل، ماہ رمضان میں صوبے کے ایک لاکھ خاندانوں کو ایک ماہ کے راشن کی فراہمی، صوبے میں گندم کی قلت کو دور کرنے اور عوام کو وافر مقدار میں گندم کی فراہمی کے اقدامات، ٹریفک انجینئرنگ بیورو کا قیام، جیڈا کے 37 کنٹریکٹ ملازمین کی مستقلی، لوا خیمن کوٹہ (متوفی کوٹہ) کی بحالی، لینڈ ریونیو ریکارڈ کی ڈیجیٹائزیشن، صوبے میں عوام کو سہولیات کی فراہمی کے لیے ای خدمت مراکز کا قیام، کوئٹہ میں شاہد آفریدی کرکٹ اکیڈمی کا قیام اور فعالی اور محکمہ پولیس بلوچستان میں اینٹی رائٹ ویمن ونگ کے قیام سمیت صوبہ بھر میں تعلیم اور صحت کے شعبوں میں خصوصی اقدامات کیے گئے ہیں ان تمام اقدامات کا مقصد بلوچستان کے لوگوں کے معیار زندگی کو بلند کرنا ہے اور صوبے کی پسماندگی کے خاتمے کی جانب قدم بڑھانا ہے وزیراعلیٰ نے ہمیشہ اپنے ہر عمل سے اس تاثر کو بڑھاوا دیا ہے کہ منتخب صوبائی حکومت عوام کے طاقت کے بدولت وجود میں آئی ہے اور وہ اپنے ہر عمل کے لیے عوام کے سامنے جواب دہ ہیں۔

---

MASHRIQ QUETTA

## عبدالقدوس بزنجو نے ہمیشہ اپنے عمل سے ایک عوامی وزیراعلیٰ کا تاثر دیا

### صوبائی حکومت کے مفاد عامہ کے عوامی نوعیت کے اہم اقدامات کی تفصیل طویل ہے

### صوبے کے جامعات کو 2.5 ارب روپے کی گرانٹ ان ایڈ کا اجراء، اہم اقدام ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر قیادت صوبائی حکومت کے عوامی نوعیت کے اہم اقدامات کی تفصیل طویل ہے جو مفاد عامہ کے تناظر کو......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 9 پر

مدنظر رکھتے ہوئے اٹھائے گئے ہیں وزیراعلیٰ نے ہمیشہ اپنے عمل سے ایک عوامی وزیراعلیٰ کا تاثر دیا ہے اور ان کے اس مثبت کردار کو عوامی سطح پر سراہا بھی جا رہا ہے اور ان کے جانب سے لیے جانے والے اقدامات کو بھرپور پذیرائی مل رہی ہے وزیراعلیٰ کی زیر قیادت صوبائی حکومت نے گزشتہ عرصے میں جو اقدامات کیے ہیں ان میں سے چیدہ چیدہ اہم اقدامات کا ذکر کرنا ضروری ہے

## عبدالقدوس بزنجو سے اپوزیشن اراکین کی ملاقات، نگران سیٹ اپ کے قیام پر مشاورت

### ملاقات میں اتفاق کیا گیا کہ باہمی مشاورت سے نگران وزیراعلیٰ کے نام کا حتمی فیصلہ کیا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے اپوزیشن اراکین کی ملاقات، نگران سیٹ اپ کے قیام کے حوالے سے مشاورت......... بقیہ 12 صفحہ نمبر 9 پر

کی گئی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے اپوزیشن اراکین نے ملاقات کی، ملاقات میں آئینی تقاضہ کے مطابق نگران سیٹ اپ کے قیام کے حوالے سے مشاورت کی گئی۔ ملاقات میں اتفاق کیا گیا کہ باہمی مشاورت سے نگران وزیراعلیٰ کے نام کا حتمی فیصلہ کیا جائے گا۔ اس موقع پر فیصلہ کیا گیا کہ مشاورت کے مزید دور ہونگے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 20 JUL 2023 Page No: 3

## کسی کو بھی صوبے کا امن خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، ضیا لانگو

### فریقین بھی صبر کا مظاہرہ کریں، عوام کی جان و مال کی حفاظت حکومت کی ذمہ داری ہے

#### صوبائی وزیر داخلہ کی کمشنر خضدار کو دونوں فریقوں سے ملاقاتیں کرکے فائر بندی کرانے کی ہدایت

کوئٹہ (آن لائن) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے وڈھ کی موجودہ صورتحال پر نوٹس لیتے ہوئے کمشنر خضدار سے ٹیلیفونک رابطہ کیا وزیر داخلہ نے ........ بقیہ 24 صفحہ نمبر 9 پر

دونوں فریقین کی جانب سے فائرنگ پر تشویش کا اظہار کیا انہوں نے کمشنر خضدار کو احکامات دیے کہ دونوں فریقوں سے ملاقاتیں کی جائے اور فائرنگ کا سلسلہ فوری بند کرایا جائے حکومت کسی کو بھی صوبے کا امن خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، وزیر داخلہ کا مزید کہنا تھا کہ حکومت صبر سے کام لے رہی ہے۔ فریقین بھی صبر کا مظاہرہ کریں عوام کی جان و مال کی حفاظت حکومت کی ذمہ داری ہے۔

حکومتی سرگرمیاں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

DATE: 20 JUL 2023

Page No: 4

## حکومت بلوچستان اور گوگل کے مابین سکالرشپس کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط

**نوجوانوں کو آئی ٹی کے شعبے میں مہارتوں کی فراہمی کیلئے گوگل کیساتھ معاہدہ کیا گیا ہے**

**گوگل مزید دو ہزار اسکالرشپس دیگا، سیکرٹری اطلاعات، اہم پیشرفت ہے، چیف سیکرٹری**

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کے وژن کے مطابق صوبے کے نوجوانوں کو آئی ٹی کے شعبہ میں مہارت کی فراہمی کے حوالے سے بلوچستان حکومت اور گوگل کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے اس اقدام کا مقصد نوجوانوں کو عصر جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ کر کے آن لائن روزگار کے حصول کے قابل بنانا ہے حکومت بلوچستان اور گوگل کے درمیان بلوچستان کے نوجوانوں کو گوگل سکالرشپ اور انٹرن شپ کے حوالے سے معاہدہ کیا گیا ہے گوگل صوبائی محکمہ اطلاعات کی ڈیجیٹلائزیشن میں معاونت بھی فراہم کریگا صوبائی وزیر خزانہ زمرک خان اچکزئی اور چیف سیکریٹری عبدالعزیز عقیلی نے بھی تقریب میں شرکت کی مفاہمتی یاداشتوں پر سیکریٹری آئی ٹی طیب لہڑی سیکریٹری اطلاعات محمد حمزہ شفقات اور گوگل ٹیم لیڈر عمر فاروق نے دستخط کیے اس موقع پر چیف سیکریٹری نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت اور گوگل کے مابین معاہدہ اہم پیش رفت ہے وزیراعلیٰ بلوچستان صوبے کے نوجوانوں کو باوقار روزگار کی فراہمی میں گہری دلچسپی رکھتے ہیں چیف سیکریٹری نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو ہر شعبہ میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کیے جارہے ہیں اس سال مئی میں گوگل نے بلوچستان کے نوجوانوں کے لئے 1000 سکالرشپ دیئے تھے اس پروگرام میں 900 سے زائد نوجوانوں نے انرولمنٹ کرائی معاہدے کی تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے سیکریٹری اطلاعات محمد حمزہ شفقات نے بتایا کہ گوگل کی جانب سے مزید 2000 سکالرشپ دیئے گئے ہیں ان میں لڑکیوں اور لڑکوں کے لئے ایک ایک ہزار سکالرشپ شامل ہیں انہوں نے بتایا کہ انٹرن شپ کے حامل نوجوانوں کی انٹرنیشنل سرٹیفکیشن ہوگی جس سے وہ آن لائن جاب حاصل کرسکیں گے اور انٹرنز ماہانہ ایک ہزار ڈالر تک کمانے کے قابل ہونگے۔

INTEKHAB QUETTA

## سکالرشپ اور انٹرن شپ، حکومت بلوچستان اور گوگل میں معاہدے پر دستخط

**گوگل صوبائی محکمہ اطلاعات کی ڈیجیٹلائزیشن میں بھی معاونت فراہم کرے گا، گوگل بلوچستان کو ایک ہزار سکالرشپ دے گا**

**بلوچستان حکومت اور گوگل معاہدہ اہم پیشرفت ہے، نوجوانوں کو ہر شعبے میں آگے بڑھنے کا موقع دے رہے ہیں، چیف سیکرٹری**

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کے وژن کے مطابق صوبے کے نوجوانوں کو آئی ٹی کے شعبہ میں مہارت کی فراہمی کے حوالے سے بلوچستان حکومت اور گوگل کے درمیان مفاہمتی یاداشت پر دستخط کی? گی? اس اقدام کا مقصد نوجوانوں کو عصر جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ کر کے آن لائن روزگار کے حصول کے قابل بنانا ہے حکومت بلوچستان اور گوگل کے درمیان بلوچستان

بقیہ نمبر 19 صفحہ 7 پر

کے نوجوانوں کو گوگل سکالرشپ اور انٹرن شپ کے حوالے سے معاہدہ کیا گیا ہے گوگل صوبائی محکمہ اطلاعات کی ڈیجیٹلائزیشن میں معاونت بھی فراہم کریگا صوبائی وزیر خزانہ زمرک خان اچکزئی اور چیف سیکریٹری عبدالعزیز عقیلی نے بھی تقریب میں شرکت کی مفاہمتی یاداشتوں پر سیکریٹری آئی ٹی طیب لہڑی سیکریٹری اطلاعات محمد حمزہ شفقات اور گوگل ٹیم لیڈر عمر فاروق نے دستخط کی? اس موقع پر چیف سیکریٹری نے اظہار خیال کرتے ہو? کہا کہ بلوچستان حکومت اور گوگل کے مابین معاہدہ اہم پیش رفت ہے وزیراعلیٰ بلوچستان صوبے کے نوجوانوں کو باوقار روزگار کی فراہمی میں گہری دلچسپی رکھتے ہیں چیف سیکریٹری نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو ہر شعبہ میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کی? جارہے ہیں اس سال مئی میں گوگل نے بلوچستان کے نوجوانوں کے ل? 1000 سکالرشپ دی? تھے اس پروگرام میں 900 سے زائد نوجوانوں نے انرولمنٹ کرائی معاہدے کی تفصیلات سے آگاہ کرتے ہو? سیکریٹری اطلاعات محمد حمزہ شفقات نے بتایا کہ گوگل کی جانب سے مزید 2000 سکالرشپ دی? گی? ہیں ان میں لڑکیوں اور لڑکوں کے ل? ایک ایک ہزار سکالرشپ شامل ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

DATE: 20 JUL 2023

Page No: 5

## بلوچستان ہائیکورٹ‘ میڈیکل کالج و ٹیچنگ ہسپتال تربت کے ٹیسٹ روکنے کا حکم

**64 مختلف پوزیشنوں پر عجلت میں بھرتیاں کی جارہی ہیں‘ درخواست‘ سماعت 16 اگست تک ملتوی**

کوئٹہ (خ ن) چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جناب جسٹس نعیم اختر افغان اور جناب جسٹس محمد عامر نواز رانا پر مشتمل ڈویژنل بنچ نے پرنسپل مکران میڈیکل کالج تربت و ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال بچ بمقام تربت بشمول سلیکشن کمیٹیوں کو مشتہر کی گئی 64 مختلف پوزیشنوں پر امیدواروں کے ٹیسٹ انٹرویوز منعقد کروانے اور امیدواروں کے حتمی چناؤ سے اگلے احکامات تک روک دیا ہے۔ معزز عدالت کے روبرو ایک آئینی درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ پرنسپل مکران میڈیکل کالج تربت و میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹیچنگ ہسپتال بچ بمقام تربت کی جانب سے دو ماہ یعنی جون و جولائی 2023 میں 525 نئی پوسٹس مشتہر کی گئیں اور عجلت میں بھرتیاں کی جارہی ہیں، کیونکہ موجودہ حکومت کی مدت 18 اگست 2023 کو پوری ہورہی ہے، لہٰذا امیدواروں کا چناؤ اس عجلت کی وجہ سے میرٹ کی بجائے اقربا پروری سیاسی اثر ورسوخ اور جانبداری کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ معزز عدالت نے درخواست گزار کی جانب سے مذکورہ بالا پوزیشنوں کے لئے مشتہر کئے گئے اشتہارات میں درخواست جمع کرانے سے انٹرویوز تک کی تاریخوں میں کم وقفہ و عجلت کے مظاہرے اور دیگر اعتراضات کی بنیاد پر درخواست باقاعدہ سماعت کے لئے منظور کرتے ہوئے جواب دہندگان اور ایڈووکیٹ جنرل کو نوٹس جاری کرنے کا حکم سنایا۔ معزز عدالت نے سی ایم اے 145/ 2023 میں پرنسپل مکران میڈیکل کالج/سلیکشن کمیٹی کو اشتہار پی آر کیو نمبر 4490/23 جون 2023 کے تحت 21 مختلف پوزیشنوں پر امیدواروں کے حتمی چناؤ اور پی آر کیو نمبر 111/16 جولائی 2023 کے تحت 18 مختلف پوزیشنوں پر امیدواروں کے ٹیسٹ و انٹرویوز منعقد کروانے سے اگلے احکامات تک روک دیا جبکہ ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال کو اشتہار نمبر پی آر کیو 112/ 16 جولائی 2023 کے تحت 25 مختلف پوزیشنوں پر امیدواروں کے ٹیسٹ/ انٹرویوز منعقد کروانے سے اگلے احکامات تک روکتے ہوئے کیس کی سماعت کے لئے 16 اگست 2023 کی تاریخ مقرر کردی۔

## گرین بس کا آغاز خوش آئند، عوامی حلقوں کی جانب سے حکومتی اقدام تاریخی قرار

**3862 مسافروں نے سفر کیا، صاف اور شفاف ماحول حکومتی پراجیکٹ کو پرکشش بناتا ہے، پذیرائی ملنے لگی**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس کی زیر قیادت صوبائی حکومت کی جانب سے شروع ہونے والے کوئٹہ شہر میں گرین بس منصوبے کے ثمرات سے عوام مستفید ہونے لگے، عوامی حلقوں نے گرین بس سروس کے آغاز کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے حکومت کے اس تاریخی اقدام کو سراہا ہے، بدھ کو 3862 مسافروں نے گرین بس میں سواری کا فائدہ اٹھایا، پہلے یہ تعداد 3500 سے کچھ زیادہ تھی، گرین بس سروس عوامی نوعیت کا منصوبہ ہے اور ان بسوں میں روزانہ کے حساب سے سواریوں میں اضافہ ہورہا ہے، ان بسوں میں میسر صاف اور شفاف ماحول اور انتہائی کم ٹکٹ میں ایئر کنڈیشن سواری حکومت کے اس پراجیکٹ کو پرکشش بناتی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان نے ہمیشہ ایسے منصوبوں کو ترجیح دی ہے کہ جس کے براہ راست فوائد سے عوام مستفید ہوں اور انہیں اپنے روزگار اور تعلیمی سرگرمیوں سمیت دیگر متعلقہ امور کے انجام دہی کے لیے ایک سستی اور معیاری سواری دستیاب ہو، گرین بس منصوبہ عوامی سطح پر ایک شاندار منصوبہ ہے جسے بے حد پذیرائی مل رہی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## الیکشن کمیشن کی جانب سے سیاسی جماعتوں سے اکاؤنٹس کی تفصیلات طلب

**سیاسی جماعتیں 31 اگست تک اکاؤنٹس کی تفصیلات جمع کرائیں، یہ تفصیلات چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ کی آڈٹ شدہ ہونی چاہئیں، ہدایت**

**سیاسی جماعتیں سالانہ آمدن، اخراجات اور اثاثے ظاہر کریں، کوائف درستگی، اخراج اور ووٹ منتقلی کی تاریخ میں توسیع کر دی ہے**

کوئٹہ (یو این اے) الیکشن کمیشن نے سیاسی جماعتوں سے 2022-23 کیا کاؤنٹس کی تفصیلات طلب کرلیں۔ الیکشن کمیشن نے ہدایت کی ہے کہ سیاسی جماعتیں 31 اگست تک اکاؤنٹس کی تفصیلات جمع کرائیں۔ یہ تفصیلات چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ کی آڈٹ شدہ ہونی چاہئے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق سیاسی جماعتیں سالانہ آمدن، اخراجات اور اثاثے ظاہر کریں۔ علاوہ ازیں الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ کوائف کی درستگی، اخراج اور ووٹ منتقلی کی تاریخ میں 20 جولائی تک توسیع کر دی گئی ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق اندراج ووٹ، اخراج اور ووٹ ........ بقیہ نمبر 50 صفحہ 9 پر

لی درستگی اب 20 جولائی 2023 تک کی جاسکتی ہے، ووٹ کا اندراج شناختی کارڈ پر موجود مستقل یا عارضی پتے میں سے کسی ایک پر کروایا جا سکتا ہے۔ شہری اپنے متعلقہ ضلعی الیکشن کمشنر کے دفتر میں فارم جمع کروائیں، عوام یہ فارم ضلعی الیکشن کمشنر کے دفتر سے بھی حاصل کرسکتے ہیں۔

## بلوچستان اسمبلی کا اجلاس دو روزہ وقفے کے بعد آج سہ پہر چار بجے ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس دو روزہ وقفے کے بعد آج سہ پہر چار بجے ہوگا۔ اجلاس میں ........ بقیہ 34 صفحہ نمبر 9 پر

جلس قائمہ برائے محکمہ صحت و بہبود آبادی کی رپورٹ پیش اور 17 جولائی 2023 کی اسمبلی نشست میں باضابطہ شدہ تحریک التواء نمبر 1 پر مجوعی عام بحث ہوگی جبکہ اجلاس میں رکن صوبائی اسمبلی نصر اللہ خان زیرے اکیڈمی کی گرانٹ بڑھانے، رکن صوبائی اسمبلی ثناء اللہ بلوچ محکمہ پی اینڈ ڈی کی جانب سے کیمونٹی ڈویلپمنٹ آفیسرز اور پلاننگ آفیسرز کے سروس رولز میں ترمیم اور انکی آسامیوں کو بی پی ایس 16 سے بی پی ایس 17 میں اپ گریڈ کرنے سے متعلق اٹھائے گئے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No 2

DATE: 20 JUL 2023 Page No: 6

## ژوب چھاؤنی پر حملے میں امریکی اسلحہ استعمال ہوا، آئی ایس پی آر

### حملہ آوروں نے افغانستان میں چھوڑا ہوا امریکی اسلحہ اور فوجی وردیاں استعمال کی تھی

### سیکورٹی فورسز امن دشمنوں کو بے نقاب اور جڑ سے ختم کرنے کیلئے سرگرم ہیں، آئی ایس پی آر

کوئٹہ (یو این اے) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق حملے میں دہشگردوں نے افغانستان میں امریکی فوج کا چھوڑا ہوا اسلحہ استعمال کیا حملے میں 5.56 ایم ایم کیلیبر ایم 16 اسالٹ رائفلیں اور جدید ہیلمٹ، دستانے، بیک پیک اور یونیفارم استعمال کیے گئے حملہ کرنے والے دہشت گرد جو کہ ہلاک ہو چکے ہیں امریکی یونیفارم میں ملبوس تھے یہ وہی اسلحہ و یونیفارم ہے جو امریکی افواج نے افغانستان میں چھوڑا تھا، ٹی ٹی پی

بقیہ نمبر 23 صفحہ 7 پر

کے شرپسند یہ ہتھیار پاکستان کے خلاف استعمال کرتے آئے ہیں آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ بھاری ہتھیاروں سے لیس دہشت گرد امریکی یونیفارم پہن لیں تب بھی بزدلی کی موت ہی مریں گے۔ دہشت گردوں کے مکمل خاتمے تک یہ جنگ جاری رہے گی آئی ایس پی آر کے مطابق پاک دھرتی پر ناپاک قدم رکھنے والے تمام پاکستان دشمن عناصر کو منہ کی کھانی پڑے گی سیکورٹی فورسز پاکستان میں امن دشمنوں کو بے نقاب اور جڑ سے ختم کرنے کے لیے مسلسل سرگرم عمل ہیں۔

## مکران میڈیکل کالج و تربت ہسپتال میں بھرتیوں سے روک دیا گیا

### عدالت نے حکم امتناعی جاری کیا، سیاسی بنیادوں پر بھرتیاں کی جائیں گی، درخواست گزار

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائیکورٹ کے جج جسٹس محمد نعیم افغان اور جسٹس محمد عامر رانا کی عدالت نے محکمہ صحت مکران میڈیکل کالج اور ٹیچنگ ہسپتال کیچ

بقیہ نمبر 21 صفحہ 7 پر

تربت کی خالی اسامیوں پر حکم امتناعی جاری کرتے ہوئے پرنسپل میڈیکل کالج مکران کی ہر قسم کے بھرتیوں اور ٹیسٹ انٹرویوز پر حکم امتناعی جاری کرتے ہوئے 16 اگست کو عدالت نے جواب طلب کیا ہے درخواست گزار نویدتاج نے ٹیچنگ ہسپتال کیچ تربت کو بھی ہر قسم کے ٹیسٹ انٹرویوز حکم امتناعی جاری کرتے ہوئے اسے بھی ٹیسٹ انٹرویوز سے روکنے کا حکم صادر فرمایا درخواست گزار کے وکیل راحب خان بلیدی ایڈووکیٹ نے عدالت کو بتایا کہ مکران میڈیکل کالج ٹیچنگ ہسپتال کے 525 کے قریب اسامیوں پر اشتہارات جاری ہوئے ہیں پورے بلوچستان سے درخواستیں طلب کی گئی ہیں جب کہ قلیل مدت میں ہزاروں امیدواروں کا ایک دن ٹیسٹ اور دوسرے دن انٹرویوز لینا میرٹ نہیں بلکہ من پسند لوگوں کو سیاسی بنیادوں پر بھرتی کرنا ہے جو سپریم کورٹ کے ہائیکورٹ کے فیصلوں کی برعکس ہے درخواست گزار کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ صوبائی وزیر صحت جس کا تعلق مکران سے ہے اس قسم کے ٹیسٹ انٹرویوز کے انعقاد سے میرٹ اور لائق امیدواروں کی حق تلفی ہوگی درخواست گزار کے وکیل راحب خان بلیدی ایڈووکیٹ نے عدالت کو بتایا کہ موجودہ حکومت 8 اگست کو تحلیل ہو جائیگی استدعا کی کہ ان اسامیوں کو روکا جائے جس پر عدالت نے حکم امتناعی جاری کرتے ہوئے 16 اگست کو چیف سیکرٹری بلوچستان سیکرٹری صحت ڈائریکٹر جنرل صحت پرنسپل میڈیکل کالج مکران اور ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال کیچ تربت کو 16 اگست کو عدالت میں طلب کیا ہے۔

## ماہانہ امدادی فنڈ کرپشن، فنکاروں کا عدالت سے رجوع کرنے کا فیصلہ

### فنکار کمیٹی کے اکثر ممبران نے اپنے اپنے نام ماہانہ امدادی فنڈ میں شامل کرلیے ہیں

### کمیٹی کو کالعدم قرار دینے کیلئے جلد عدالت عالیہ سے رجوع کیا جائے گا، فنکاروں کا مشترکہ بیان

کوئٹہ (پ ر) فنکار ویلفیئر فنڈ میں کرپشن، اقربا پروری، لوٹ کھسوٹ، غیر مستحق افراد کو نوازنے کیخلاف عدالت سے رجوع کرنے کا فیصلہ کرلیا تفصیلات کے مطابق نامور فنکار نصیر محمد شئی، مرتضی انجم، عابد مہتاب، شاہ بابر، آغا کرد، مزمل تے تے، غفور شاہین

بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر

، انور شاہ، عالم خان، دانیال احمد، اقبال ریکی، نور دہوار اور دیگر فنکاروں نے فنکار ویلفیئر فنڈ میں کرپشن کے خلاف عدالت جانے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ماہانہ امدادی فنڈ کی میٹنگ ماہوار اور میڈیکل کے حوالے میٹنگ ہر 15 یوم منعقد کرنے کیلئے احکامات دیئے گئے ہیں مگر ارباب اختیار اور نئی فنکار کمیٹی عدالتی احکامات کو ہوا اڑا رہی ہے جب دل چاہے میٹنگ کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ جس کم از کم چھ ماہ یا اس زائد عرصہ گزرنے کے بعد میٹنگ رکھی جاتی ہے۔ جس میں اکثر کورم پورا نہ ہونیکی وجہ سے میٹنگ برخاست کی جاتی ہے۔ جس سے فنکاروں میں بے چینی پائی جاتی ہے واضح رہے فنکار کمیٹی کے اکثریت نے اپنے اپنے نام ماہانہ امدادی فنڈ میں شامل کرچکے ہیں جس کی وجہ سے ان کی میٹنگ سے کوئی سروکار نہیں کیونکہ انہیں ہر ماہ 30 ہزار گھر بیٹھے مل جاتے ہیں

## محکمہ صحت بلوچستان نے ڈاکٹروں کے مطالبات پر پانچ رکنی کمیٹی قائم کردی

### کمیٹی کی سربراہی ایڈیشنل سیکرٹری ہیلتھ کریں گے، نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ صحت بلوچستان نے ڈاکٹروں کے مطالبات پر پانچ رکنی کمیٹی قائم کردی محکمہ صحت بلوچستان کے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق کمیٹی کی سربراہی ایڈیشنل سیکرٹری ہیلتھ کریں گے ممبران میں ایڈیشنل سیکرٹری قانون، ایس اینڈ جی اے ڈی، خزانہ اور سیکشن افسر محکمہ صحت شامل ہوں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

DATE: 20 JUL 2023

Page No: 7

# سب رجسٹرار آفس کا جونیئر کلرک کروڑوں کی کرپشن میں ملوث

## اینٹی کرپشن نے ریکارڈ قبضے میں لیکر تحقیقات شروع کر دیں

### ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے سنگین کاسی کی معطلی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا، رجسٹریشن فیس، سی وی ٹی ٹرانسفر ٹیکس اور جعلی لوکل سرٹیفکیٹ کے اجرا میں ملوث ہونے کے الزامات

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے سرکاری ٹیکسوں رجسٹریشن فیس، سی وی ٹی اور ٹرانسفر ٹیکس میں جعلی بنک چالانوں کے ذریعے کروڑوں روپے کا غبن کرنے اور افغان باشندوں کو جعلی لوکل سرٹیفکیٹ جاری کرنے والے سب رجسٹرار آفس کے جونیئر کلرک سنگین کاسی کو معطل کر دیا جبکہ اینٹی کرپشن نے ریکارڈ قبضے میں لے کر انکوائری شروع کر دی ذرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کو انکوائری کمیٹی نے ایک رپورٹ پیش کی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ رجسٹرار آفس کے جونیئر کلرک سنگین کاسی نے سرکاری ٹیکسوں رجسٹریشن فیس، سی وی ٹی اور ٹرانسفر ٹیکس میں جعلی بنک چالانوں کے ذریعے کروڑوں روپے کا غبن کیا ہے جس کی خزانہ آفس نے بھی تصدیق کی ہے رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ اس سے قبل 2022 میں بھی سنگین کاسی جونیئر کلرک کے خلاف ایک انکوائری کی گئی تھی۔ جس میں الزامات ثابت ہونے پر انکوائری افسر نے مذکورہ جونیئر کلرک کو ملازمت سے برطرف کرنے کی سفارش کی تھی تاہم کمشنر آفس نے عملدرآمد روک کر جونیئر کلرک کو دوبارہ رجسٹرار آفس میں تعینات کر دیا تھا جہاں جونیئر کلرک نے ایک بار پھر سرکاری خزانے کو بھی کروڑوں روپے کا نقصان پہنچایا ذرائع نے بتایا کہ انکوائری میں یہ بھی بات سامنے آئی ہے مرنے والے شخص کی رجسٹری بھی جعلسازی کے ذریعے درج کی گئی رپورٹ میں مزید بتایا گیا ہے کہ 2017 میں بھی ایف آئی اے نے مذکورہ جونیئر کلرک کے خلاف افغان باشندوں کو جعلسازی کے ذریعے لوکل ڈومیسائل بنا کر دیئے تھے رپورٹ کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سب رجسٹرار آفس کے کلرک سنگین کاسی کو معطل کر کر دیا جبکہ کیس اینٹی کرپشن کو بھجوا دیا گیا ذرائع نے بتایا کہ اینٹی کرپشن نے تمام ریکارڈ قبضے میں لے کر انکوائری شروع کر دی ہے ابتدائی انکوائری میں ڈی سی آفس سمیت سب رجسٹرار آفس کے کئی افسران اور اہلکاروں کے ملوث ہونے کے بھی شواہد ملے ہیں ادارہ اینٹی کرپشن انکوائری مکمل کرنے کے بعد مقدمہ درج کر کے گرفتاریوں کا عمل شروع کر دیگا۔

# سیاحتی مقامات پر ترقیاتی منصوبوں کیلئے 785 ملین مختص کر دیئے گئے، منظور احمد

## برلن کے سیاح بلوچستان کا دورہ کرنے کے خواہشمند

### منصوبوں میں ریزورٹس، ہوٹلز، ایکسٹینشنز، پکنک پوائنٹس، پارکس اور دیگر انفراسٹرکچر کے ماسٹر پلانز کی تعمیر شامل ہے، منظور احمد کی سرکاری خبر رساں ادارے سے بات چیت

کوئٹہ (اے پی پی) سیکرٹری سیاحت بلوچستان منظور احمد نے کہا ہے کہ 35 سے 40 برلن سیاحوں کا ایک گروپ بلوچستان کا دورہ کرنے کا خواہش مند ہے، ہم نے انہیں یقین دلایا ہے کہ بلوچستان ان کی آمد پر انہیں فوری این او سی کا اجراء کر دیا جائے گا، سیکرٹری سیاحت بلوچستان نے بتایا کہ صوبے میں سیاحت کا شعبہ ترقی کر رہا ہے، بین الاقوامی رجحان کے پیش نظر بلوچستان دنیا بھر سے آنے والے سیاحوں کو خوش آمدید کہنے کے لیے تیار ہے انہوں نے بین الاقوامی ایکسپو میں شرکت کے لیے اپنے حالیہ جرمنی کے دورے کی تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ "برلن کے 35 سے 40 سیاحوں کا ایک گروپ بلوچستان کا قدرتی حسن دیکھنے کا خواہش مند ہے جن میں اکثر بلاگرز بلوچستان کے قدرتی، تاریخی، ثقافتی اور مذہبی مقامات دیکھنے کے لئے بے تاب ہیں حکومت کی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے سیکرٹری نے سیاحوں سے کہا کہ وہ آئیں اور بلوچستان کی پوشیدہ خوبصورتی کو دیکھیں، قدرت کی تصاویر لیں، ویڈیوز اپ لوڈ کریں اور اپنے ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے ذریعے ہمارے قدرتی اثاثوں کو باقی دنیا میں متعارف کروائیں انہوں نے کہا کہ غیر ملکی سیاحوں کی توجہ صوبے کے ثقافتی اور تاریخی ورثے، آثار قدیمہ کے شاندار مقامات اور صوبے کے قدرتی حسن کی طرف مبذول کرانا صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت نے سیاحت کے شعبے کو بہتر بنانے کے لیے 785 ملین روپے کے کل 59 ترقیاتی منصوبے شروع کیے ہیں جن میں ریزورٹس، ہوٹلز، ایکسٹینشنز، پکنک پوائنٹس، پارکس اور دیگر انفراسٹرکچر کے ماسٹر پلانز کی تعمیر شامل ہے ایک سوال کے جواب میں سیکرٹری سیاحت نے بتایا کہ صوبے بھر میں سہولیات کے مراکز کے قیام کی کوششیں جاری ہیں جس سے نہ صرف سیاحوں کو اپنی پسند کی جگہوں پر بغیر کسی رکاوٹ کے رسائی حاصل ہوگی بلکہ اس اقدام سے حکومت کو مقامی اور بین الاقوامی سیاحوں کے درست اعداد و شمار مرتب کرنے میں بھی مدد ملے گی جس کی روشنی میں مستقبل کی منصوبہ بندی کرنا ممکن ہوگی انہوں نے کہا کہ کر شاہبان ویلی، ہنگلاج ماتا ماسٹر پلان اور ساحلوں کے ساتھ ایکو سائٹس، سہولتی مراکز، ہوٹلوں اور موٹلز کی تعمیر سمیت متعدد ترقی کے منصوبے مکمل ہونے کے بعد یہ صوبے کے سیاحت کے شعبے میں انقلابی تبدیلی کا موجب بنیں گے جبکہ دوسری جانب یہ بات اطمینان بخش ہے کہ حکومت غیر ملکی زائرین کے بلا تعطل اور خوشگوار دوروں کی راہ ہموار کرنے میں بھی سنجیدہ ہے۔ اس سلسلے میں، 2019 میں، پاکستان نے سیاحت کو بڑھانے کے لیے سفری ویزوں کی دستیابی میں اضافہ کیا انہوں نے کہا کہ بلاشبہ بلوچستان دلکش اور خوبصورت خطہ ہے جہاں صحرا ئیں، وسیع پہاڑی سلسلے، دلفریب ساحل اور ایکو سائٹس کے ساتھ 750 کلومیٹر کا ایک خوبصورت ساحل، قدیم جونیپر صاف کرنے والے جنگلات، تاریخی قدیم ڈھلانیں، اور دلکش فوارے اور آبشار موجود ہیں ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

DATE: 20 JUL 2023

Page No: 8


ڈپٹی کمشنر زیارت

## پولیو کے خاتمہ کیلئے ٹیم ورک کے تحت کام کرنا ہوگا

**موذی مرض کی وجہ سے ہمارے پھول جیسے بچے ہمیشہ کیلئے معذور ہو رہے ہیں' حافظ محمد قاسم کی زیر صدارت اجلاس**

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت حافظ محمد قاسم کی زیر صدارت انسداد پولیو کے سلسلے میں اجلاس ہوا جس میں ایس پی زیارت اختر اچکزئی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسر ڈاکٹر انور مندوخیل، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر داؤد خان، لائن ڈیپارٹمنٹ کے افسران اور یو سی ایم اوز نے شرکت کی اس موقع پر ڈبلیو ایچ او کی ڈاکٹر شہباز خان نے ڈپٹی کمشنر زیارت کو انسداد پولیو کے بارے میں بریفنگ دی۔ اجلاس سے ڈپٹی کمشنر زیارت حافظ محمد قاسم نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیو مہم ایک قومی مہم ہے اس کے خاتمے کے لیے سب کو ایک ٹیم ورک کی طرح کام کرنا ہوگا اگر انسداد پولیو مہم میں کسی بھی قسم کی کوتاہی کی گئی تو اس کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا پولیو ایک موذی مرض ہے اس کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے بھرپور اقدامات کئے جائینگے، پولیو کی وجہ سے ہمارے پھول جیسے بچے ہمیشہ کے لیے معذور ہو رہے ہیں انہوں نے کہا پولیو ورکرز گھر گھر جا کر پانچ سال تک کے بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے ضرور پلائیں اگر ایک بچہ بھی قطروں سے محروم رہ گیا تو یہ مہم کامیاب نہیں ہوگا انہوں نے کہ کہ پولیو کے خاتمے کے لیے جنگی بنیادوں پر کام کرنا ہوگا کیونکہ اس سے مستقبل کے معماروں کی زندگی وابستہ ہے بچے ہمارا مستقبل اور قوم کے معمار ہیں مستقبل کے معماروں کو پولیو جیسی مرض سے بچانا ہم سب کی ذمہ داری ہے انہوں نے کہا والدین کی بھی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ پانچ سال کے بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے ضرور پلائیں اور انسداد پولیو مہم کو کامیابی سے ہم کنار ضرور کرائیں۔ انہوں نے کہا حکومت نے پولیو کے ملک سے جڑ سے اکھاڑنے کا تہیہ کر رکھا ہے، انشاء اللہ ایک دن پولیو سے فری پاکستان بنے گا اگر حکومت کے ساتھ تمام شعبوں کے لوگ پولیو کے خاتمے کے لیے کام کریں گے تو پھر اس موذی مرض کا جلد خاتمہ ہوگا۔

کمشنر لورالائی

## امن وامان کا قیام اور قانون کی بالادستی حکومت کی اولین ترجیح ہے

**عوام کے مال وجان کی حفاظت متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے، ہماری فورسز نے ہمیشہ جرائم پیشہ عناصر کا مقابلہ کیا ہے، محمد گل خلجی**

لورالائی (نامہ نگار) کمشنر لورالائی ڈویژن محمد گل خلجی نے کہا ہے کہ امن وامان کا قیام اور قانون کی بالادستی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور یہ متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ عوام کے مال وجان کی حفاظت کو یقینی بنائیں ہماری فورسز نے ہمیشہ جرائم پیشہ عناصر کا مقابلہ کیا ہے اور اپنی جانوں کی قربانیاں پیش کی ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں امن وامان کے حوالے سے منعقدہ ڈویژنل کوارڈینیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں ڈی آئی جی ملک محمد سلیم لہڑی، ایڈیشنل کمشنر کلیم اللہ کاکڑ، ڈپٹی کمشنر لورالائی سوبان سلیم دشتی، ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عظیم جان دمڑ، ڈپٹی کمشنر دکی میران بلوچ، میجر زمان خان ودیگر نے شرکت کی اجلاس میں لورالائی ڈویژن میں امن وامان کی مجموعی صورتحال پر غور کیا گیا اور اس میں مزید بہتری لانے اور کسی بھی ایمرجنسی میں آپس میں رابطے اور بروقت تعاون کا فیصلہ کیا گیا محمد گل خلجی نے کہا کہ امن وامان کی مجموعی صورتحال پر کڑی نظر رکھی جائے ایف سی لیویز اور پولیس کی جوائنٹ پٹرولنگ بھی شروع کی جائے غیر حاضر اہلکاروں کے خلاف کارروائی کی جائے عوام کو بھی چاہیئے کہ فورسز سے تعاون کریں۔


MASHRIQ QUETTA


## سوشل میڈیا پر چلنے والی ویڈیو کا تعلق شمالی وزیرستان سے ہے، ڈی سی

**وڈھ کی صورتحال ایسی نہیں سوشل میڈیا پر ویڈیو چلا کر منفی تاثر دینے کی کوشش جاری ہے**

**عوام الناس اس قسم کے منفی پراپیگنڈہ پر یقین نہ کریں ڈپٹی کمشنر کی عوام سے اپیل**

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار کیپٹن (ر) جمیل بلوچ نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر وڈھ کی صورتحال پر چلائی جانے والی ویڈیو کا تعلق شمالی وزیرستان سے ہے........

بقیہ 18 صفحہ نمبر 9 پر

وڈھ کی صورتحال ایسی نہیں جیسا کہ سوشل میڈیا پر ویڈیو چلا کر منفی تاثر دینے کی کوشش جاری ہے اپنے ایک وضاحتی بیان میں ڈپٹی کمشنر نے زور دیا ہے کہ عوام الناس اس قسم کے منفی پراپیگنڈہ پر یقین نہ کریں ڈپٹی کمشنر نے لوگوں سے اپیل ہے کہ وہ اس ویڈیو کو آگے نہ بھیجیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 DATE: 20 JUL 2023 Page No: 9

# چیک پوسٹوں پر پشتون اور بلوچ عوام کی توہین ناقابل برداشت ہے، بلوچستان امن جرگہ

## پاک افغان بارڈر چمن اور کوئٹہ، چمن شاہراہ پر قائم چیک پوسٹوں پر لوگوں کو بلاجواز تنگ کرنے نوٹس لیا جائے

**چمن اور کوئٹہ شاہراہ پر سفر کرنے والے پگڑی پہنے ہوئے ہر پشتون شہری کو اتار کر عزت نفس کو مجروح کیا جاتا ہے، یوسف خلجی کی مشرق سے گفتگو**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالا یوسف خلجی نے کہا ہے کہ پاک افغان بارڈر چمن اور کوئٹہ، چمن شاہراہ پر قائم چیک پوسٹوں پر لوگوں کو بلاجواز تنگ کرنے کا فوری طور پر نوٹس لیا جائے، بلوچستان ایک قبائلی صوبہ ہے یہاں سب کو عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے لیکن چیک پوسٹوں پر پشتون اور بلوچ عوام کی توہین کسی بھی صورت برداشت نہیں کی جاسکتی، مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاک افغان بارڈر چمن پر سرحد کے دونوں جانب سفر کرنے والے پشتونوں کو بلاجواز تنگ کیا جاتا ہے اسی طرح چمن اور کوئٹہ شاہراہ پر سفر کرنے والے پگڑی پہنے ہوئے ہر پشتون شہری کو اتار کر اسکے ساتھ توہین آمیز سلوک کیا جاتا ہے جس کی بلوچستان امن جرگہ مذمت کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایک قبائلی صوبہ ہے یہاں ایک دوسرے کو عزت اور احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا لیکن پاک افغان بارڈر اور قومی شاہراہوں پر قائم چیک پوسٹوں پر جس طرح عوام کی تذلیل کی جارہی ہے وہ کوئی بھی مذہب شہری برداشت نہیں کرسکتا ہے۔

# محرم الحرام میں قیام امن کا فروغ وقت کا تقاضہ ہے، پیغام پاکستان امن کانفرنس

## مذہبی رواداری کے فروغ کے لئے سیکورٹی فورسز کی قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا، مولانا عبدالخیر آزاد مفتی روزی، قاری رشید

**اسلام میں دہشت گردی کو حرام قرار دیا گیا ہے، استحکام پاکستان کے لئے علما اپنا کردار ادا کریں گے قاری انوار الحق، علامہ حسن**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) محرم الحرام کے دوران مذہبی رواداری کے فروغ اور ملی وحدت کے جذبے کو بڑھانے کے لئے فورسز کی لازوال قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا افواج پاکستان کی بقا میں وطن کی بقا کا راز ہے کوئٹہ میں مجلس علماء پاکستان بلوچستان کے زیر اہتمام قومی پیغام پاکستان امن کانفرنس سے رویت ہلال کمیٹی کے چیر میں مولانا عبدالخیر آزاد مفتی روزی خان قاری انوار الحق حقانی قاری رشید علامہ حسن نصر اللہ اور دیگر علما کرام کا خطاب کوئٹہ پریس کلب میں ہونے والی پیغام پاکستان امن کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے رویت ہلال کمیٹی........

بقیہ نمبر 45 صفحہ 9 پر

کے چیئر مین مولانا عبدالخیر آزاد مجلس علما پاکستان بلوچستان کے رہنماؤں مفتی روزی خان۔ قاری رشید علامہ حسن نصر اللہ اور دیگر مقررین نے کہا کہ محرم الحرم میں قیام امن کے فروغ وقت کا تقاضہ ہے یہ اسلامی سال کا پہلا ماہ ہے اس کی برکت بھی فضل ہے پاکستان لاکھوں مسلمانوں کی قربانیوں کا ثمر ہے پاک وطن کو امن کا گہوارہ بنانے کے لئے تمام مکاتب فکر کے افراد کو ملکر کام کرنا ہوگا وطن ہے تو ہم بھی ہیں فورسز وطن کی خوشحالی کے لئے قربانیاں اور شہادتیں دی رہی ہیں اسلئے ملک دشمنوں کے عزائم کامیاب نہیں ہوسکتے علما کرام سپہ سالار اور افواج کے ساتھ ہیں پیغام امن کانفرنس کو عام کرنا ہے اسلام میں دہشت گردی کو حرام قرار دیا گیا ہے

# آئندہ انتخابات میں پی ڈی ایم کا اتحاد برقرار رکھنا مشکل لگ رہا ہے، مالک بلوچ

## بلوچستان کو پانچ سالوں میں جو نقصان ہوا ہے وہ ناقابل تلافی ہے تمام نظام ٹوٹ گیا ہے، سربراہ نیشنل پارٹی

**بے شمار مشکلات کا سامنا ہے نوکریاں فروخت ہورہی ہے احتساب کا عمل نہیں، پارلیمان ربڑ اسٹیمپ بن گیا ہے**

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر وسابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ آئندہ انتخابات میں پی ڈی ایم کا اتحاد برقرار رکھنا مشکل لگ رہا ہے، بلوچستان کو پانچ سالوں میں جو نقصان ہوا ہے وہ ناقابل تلافی ہے تمام نظام ٹوٹ گیا ہے، بے شمار مشکلات کا سامنا ہے نوکریاں فروخت ہورہی ہے احتساب کا عمل نہیں، پارلیمان ربڑ اسٹیمپ بن گیا ہے نیشنل پارٹی نے مذاکراتی کمیٹی تشکیل دی ہے جو بااختیار ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یو این اے سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر عبدا........

بقیہ نمبر 49 صفحہ 9 پر

لمالک بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی پی ڈی ایم کا حصہ ہے اس حوالے مسلم لیگ (ن) اور جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمن سے وقتاً فوقتاً ملاقاتیں ہوتی رہتی ہے جب ہم اسلام آباد گئے تو مریم نواز سے بلوچستان بالخصوص پاکستان کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال ہوا مولانا فضل الرحمن سے ملاقات ہوئی، حال ہی میں سینٹرل کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں مذاکراتی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے، سیٹ ٹو سیٹ ایڈجسمنٹ یا انتخابات کے بعد اتحاد سے متعلق امور طے کریگی جمعیت علماء اسلام یا مسلم لیگ (ن) یا کسی دوسری جماعت سے سیٹ ٹو سیٹ ایڈجسٹمنٹ یا اتحاد سے متعلق کوئی ڈائریکٹ بات نہیں ہوئی بلکہ کمیٹی بات چیت کو آگے بڑھائے گی جنہیں مکمل اختیارات دیئے گئے ہیں

# وڈھ کی کشیدہ صورتحال، بی این پی کی اپیل پر شاہراہیں بلاک

**مختلف قومی شاہراہوں پر پہیہ جام سنجگور نوشکی و دیگر علاقوں میں کارکنوں کا دھرنا**

پنجگور، نوشکی (آن لائن) وڈھ کی کشیدہ صورتحال کے خلاف بی این پی کی اپیل پر بلوچستان نیشنل پارٹی کی اپیل پر بلوچستان کے متعدد علاقوں میں پہیہ جام، پنجگور میں وڈھ کی موجودہ کشیدہ صورتحال کے خلاف گزشتہ رات بی این پی کی مرکزی کال پر سی پیک........

بقیہ 39 صفحہ نمبر 9 پر

روڈ سرادوک کے مقام پر بلاک کردیا گیا ہے پنجگور و اہل مسافر گاڑی والوں سے گزارش ہے کہ سفر کرنے کی زحمت نہ کریں یہ احتجاج غیر معینہ مدت کیلئے مرکز کی ہدایت تک جاری رہے گا دریں اثناء وڈھ کے کشیدہ صورتحال کے خلاف نوشکی اسٹیشن کے مقام پر بلوچستان نیشنل پارٹی کے کارکنان نے بی این پی کے سینٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی کے ممبر میر خورشید احمد جمالدینی کے قیادت میں کوئٹہ تفتان آر سی ڈی شاہراہ کو بلاک کر کے احتجاجی دھرنا دے دیا۔ روڈ بند ہونے کی وجہ سے گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئی اس کے علاوہ زمزمہ ہوٹل کے قریب خیسار پل کے اوپر اور نالے اندر راستوں کو بلاک کردیا گیا جس سے ٹریفک کا نظام مکمل طور پر معطل ہو کر رہ گئی۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 DATE: 20 JUL 2023 Page No: 10


# حکومت آئی ایم ایف کی شرائط پر ٹیکسز عائد کرکے عوام کا خون نچوڑ رہی ہے، جمعیت نظریاتی

## حکمرانوں کی غلامانہ پالیسیاں قوم وملک کے لیے تباہ کن اور رہی سہی معیشت کو بھی زمین بوس کر دے گا، مولانا عبدالقادر لونی

## حکمران کی ناروا پالیسیوں سے عوام احتجاجوں پر نکل رہے ہیں ان مہروں سے بہتری کی کوئی توقع نہیں، مفتی شفیع الدین ودیگر

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سینئر نائب امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین، مرکزی نائب امیر مولانا عبدالروف، مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نجیم خان ایڈوکیٹ، مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمودالحسن قاسمی، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ موجودہ حکومت آئی ایم ایف کے دبا اور شرائط پر ٹیکسز سے غریب عوام کی خون نچوڑا جارہا ہے جو قوم وملک کے لیے تباہ کن سونامی ثابت ہوگا ٹیکسز سے رہی سہی........

بقیہ نمبر 78 صفحہ 9 پر

معیشت کو بھی زمین بوس کر دیگا انہوں نے کہا کہ سامراجی معاشی اداروں کی ایما پر ٹیکسوں میں اضافہ اور دیگر اشیائے خوردنوش کی قیمتوں میں اضافہ سے قوم کی امیدوں پر شب خون مارا معاشی ترقی کی طفل تسلیوں سے قوم کو دھوکہ دے رہا ہے اور قوم دیکھ رہی ہے کہ نااہل حکمرانوں کی وجہ سے قومی معیشت وینٹی لیٹر پر ہے مہنگائی کی شرح میں کمی تو نہ لاسکی بلکہ اشیائے خوردنوش چینی، آٹا، گھی کی قیمتوں میں دو سے تین گنا ہوشربا اضافہ سے صرف مافیاز کو نوازا گیا۔ اور ملک کو آئی ایم ایف کی مکمل غلامی میں دھکیل دیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

DATE: 20 JUL 2023

Page No: 11


# وڈھ میں مسلح گروہوں میں شدید فائرنگ، دھماکے، بھاری ہتھیاروں کا استعمال

## فورسز نے تصادم رکوا دیا، صبح تک جنگ بندی

### کئی روز کی کشیدگی کے بعد اچانک فائرنگ کا سلسلہ شروع، بی این پی کا بلوچستان بھر میں احتجاج، کوئٹہ کراچی روٹ، سی پیک شاہراہ بلاک

### سردار اختر مینگل کی پہیہ جام ہڑتال ختم کرنے کی اپیل، نواب رئیسانی نے مصالحتی کوششوں کا آغاز کردیا، فریقین سے رابطے، فریقین صبر کا مظاہرہ کریں، وزیر داخلہ

کوئٹہ (این این آئی) وڈھ میں مسلح گروہوں میں شدید فائرنگ کا تبادلہ کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی سیکورٹی فورسز نے موقع پر پہنچ کر فائرنگ کا سلسلہ رکوا دیا، کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بی این پی کے کارکنوں کا احتجاج، فریقین میں آج صبح تک جنگ بندی کا اعلان۔ تفصیلات کے مطابق بدھ کو ضلع خضدار کے علاقے وڈھ میں کئی روز سے کشیدہ صورتحال کے بعد اچانک فائرنگ کا سلسلہ شروع ہوگیا جو کئی گھنٹے تک جاری رہا۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ داخلہ بلوچستان صالح ناصر نے بتایا کہ وڈھ شہر کے قریب دو گروپوں میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا تاہم ابتدائی طور پر کسی جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی البتہ حتمی صورتحال صبح روشنی ہونے پر معلوم ہوسکے گی۔ انہوں نے بتایا کہ سیکورٹی فورسز اور ضلعی انتظامیہ کے افسران موقع پر پہنچ گئے ہیں جنہوں نے صورتحال پر قابو پالیا ہے۔ دوسری جانب ذرائع کے مطابق وڈھ میں فائرنگ کے دوران بھاری ہتھیاروں کا استعمال کیا گیا جبکہ فائرنگ اور دھماکوں کی آوازوں سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ ذرائع کے مطابق فائرنگ کے وقت سردار اختر جان مینگل وڈھ میں موجود نہیں تھے۔ دوسری جانب وڈھ میں صورتحال کشیدہ ہونے کے بعد بی این پی کے کارکنوں نے احتجاجاً کوئٹہ میں مغربی اور مشرقی بائی پاس، سریاب روڈ، کوئٹہ کراچی شاہراہ کو خضدار، حب، جھاؤ بیلہ روڈ، مستونگ سمیت دیگر علاقوں کو بلاک کردیا اور وڈھ میں کشیدگی کے خلاف احتجاجی مظاہرے کئے۔ وڈھ میں کشیدگی کے باعث کوئٹہ سے کراچی جانے والی مسافر بسوں کو بھی منسوخ کردیا گیا ٹرانسپورٹرز نے کشیدہ صورتحال کے باعث کراچی کی جانب بسیں چلانے سے انکار کردیا۔ رات خضدار موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق وڈھ میں جنگ بندی کا اعلان کردیا گیا۔ جنگ بندی کا اعلان 20 جولائی کی صبح 4 بجے تک کیا گیا ہے۔ وقت مقررہ سے قبل حکومت بلوچستان، کمشنر قلات ڈویژن، ڈپٹی کمشنر خضدار سیکورٹی اداروں نے مستقل جنگ بندی کے لئے اہم کردار ادا کرنے کا آغاز کردیا ہے اور اب سے تھوڑی دیر پہلے متعلقہ مقامات پر فورسز کو موو کرنے کے احکامات جاری کیے گئے ہیں اور فورسز کی نقل و حرکت میں بھی اضافہ کردیا گیا ہے۔

## بروری روڈ پر موٹر سائیکل چھیننے کے دوران مزاحمت پر نوجوان شدید زخمی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بروری روڈ میں موٹر سائیکل چھیننے کے دوران مزاحمت پر فائرنگ سے سرکاری ملازم زخمی ہوگیا پولیس کے مطابق بروری روڈ کلی براہیم زئی کا رہائشی پی ایچ ای کا ملازم شاہ رخ گزشتہ شب دعوت میں شرکت کے بعد موٹر سائیکل پر گھر جا رہا تھا کہ جیسے ہی وہ کلی ابراہیم زئی پہنچا تو موٹر سائیکل پر سوار تین رہزنوں نے اسلحے کے زور پر اسے روک کر موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی اور مزاحمت پر فائرنگ کرکے شاہ رخ کو زخمی کردیا اور فرار ہوگئے اہل خانہ نے زخمی کو ہسپتال منتقل کیا جہاں ڈاکٹرز کے مطابق نوجوان کا ایک گردہ ضائع ہوگیا ہے جبکہ پتے اور جگر کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے اور اس کی حالت تشویشناک ہے واضح رہے کہ کوئٹہ میں ایک ماہ سے رہزنی کے واقعات کا نہ رکنے والا سلسلہ جاری ہے جس میں ایک درجن افراد جان کی بازی ہار چکے ہیں۔

## کوئٹہ، 11 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مختلف کارروائیوں میں اسلحہ منشیات اور مسروقہ موبائل فون برآمد کرکے گیارہ ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ شہید امیر محمد دستی کے عملے نے مختلف کارروائیوں میں چھ ملزمان میر احمد، شاہ زیب، غلام حسین محمد پرویز، محمد یوسف اور محمد یاسین کو گرفتار کرکے انکے قبضے سے چھینے گئے متعدد موبائل اور اسلحہ برآمد کرلیا دوسری کارروائی میں ملزم نصیب اللہ کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے چرس برآمد کرلی اس کے علاوہ ائیرپورٹ پولیس نے دو ملزمان نصیب اللہ اور واحد کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے دو عدد پستول برآمد کرلئے۔ سول لائن پولیس نے ملزم رحیم اللہ کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 510 گرام چرس برآمد کرلی۔ سٹی پولیس نے عبدالواحد کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 1020 گرام چرس برآمد کرلی۔

## کوئٹہ، فائرنگ سے نوجوان جاں بحق

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) فاطمہ جناح پارک کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق ہوگیا پولیس کے مطابق نواکلی کا رہائشی نوجوان سید معین الدین گزشتہ شب موٹر سائیکل پر گھر جا رہا تھا، فاطمہ جناح پارک کے قریب نامعلوم موٹر سائیکل سوار اس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے فائرنگ کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال پہنچایا۔

## بیلہ سے چوری ہونے والا ٹریکٹر بسیمہ سے برآمد دو ملزمان گرفتار

بیلہ (نامہ نگار) بیلہ سے چوری ہونے والا ٹریکٹر بسیمہ لیویز نے برآمد کرکے ملزمان نور بخش سکنہ جھاؤ اور محمد الیاس سکنہ نواب شاہ کو گرفتار کرنے کے بعد ٹریکٹر سمیت بیلہ پولیس کے حوالے کردیا۔

اداریے، مضامین

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6 DATE: 20 JUL 2023 Page No: 13

## کوئٹہ گرین بس سروس خوش آئند، مگر نقصان کب تک؟

بلوچستان کے دارالخلافہ کوئٹہ میں بھی اب گرین بس سروس کا آغاز کردیا گیا ہے۔ بلاشبہ اس سے عوام کو شہر میں آمدورفت میں کافی حد تک سہولت میسر آئے گی، آرام دہ پرسکون، ایئرکنڈیشنڈ بسوں میں سفر کرنے سے عوام کا کافی وقت بھی بچے گا۔ سابقہ دور حکومت میں شروع ہونے والے اس منصوبہ کو موجودہ حکومت نے مکمل کیا اور بالآخر اپنے اختتام سے قبل اس کا افتتاح کردیا گیا، جو ایک خوش آئند اقدام ہے۔ مگر یہاں غور طلب بات یہ ہے کہ ایسے منصوبے پورے پاکستان میں شروع کیے گئے ہیں، جس پر قوم کے سالانہ اربوں روپے خرچ ہورہے ہیں، کیونکہ یہ تمام منصوبے خسارے میں چلنے والے منصوبے ہیں، ایک ایسا ملک جو پچھلی کئی دہائیوں سے خسارے میں چل رہا ہو، جو ملک آئی ایم ایف سے قرضہ لینے والا دنیا کا چوتھا بڑا ملک ہو، جس ملک کے پاس اتنے وسائل نہ ہوں کہ وہ اپنے شہریوں کے لیے خوراک اگانے کا بندوبست کرسکے، جس ملک کے پاس اپنے شہریوں کو پینے کے لیے صاف پانی دینے کی سکت نہ ہو۔ قرضے کی ادائیگی کے لیے مزید قرضہ لینا پڑے، ایسے ملک میں اربوں روپے سالانہ خسارے کے منصوبے شروع کرنا کہاں کی عقلمندی ہے؟

پاکستان میں اس وقت گردشی قرضہ یعنی ملکی اداروں کا آپس میں لین دین بھی عروج پر ہے، اس کے علاوہ بجلی خطے میں سب سے زیادہ مہنگی پاکستان میں ہے، جس کے باعث مصنوعات مہنگی ہیں، برآمدی شعبے کو انتہائی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، دھاگے سے لے کر دالوں تک ہم درآمد کرنے پر مجبور ہیں اور ایسے میں ملک بھر میں ایسے منصوبے لگائے گئے ہیں جس کے لیے عوام کا خون نچوڑا جارہا ہے، بجلی کے بلوں میں صرف کیپسٹی چارجز کی مد میں اربوں روپے عوام سے لوٹے جارہے ہیں، یعنی بجلی پیدا کرنے والے اداروں کی صلاحیت زیادہ ہے، کیونکہ ہمارے سابق حکمرانوں نے ن لیگ اور پیپلز پارٹی کے دور میں ایسے معاہدے کیے گئے تھے جن کی سزا کے طور پر ہمیں آج بھی اربوں روپے سالانہ کا نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے، ایک رینٹل پروجیکٹ بھی آیا تھا، اس سے بھی ملک وقوم کو بڑا نقصان ہوا، یعنی بجلی تو ایک واٹ بھی اس سے میسر نہیں آئی لیکن کرائے کی مد میں ہی ہمیں اربوں روپے دینے پڑے، جس پر سابق حکمرانوں پر مقدمات بھی بنے لیکن مقدمات کا فیصلہ آنے سے پہلے نیب حکومت کے ماتحت ہوجاتا ہے اور پھر نیا نیب چیئرمین آکے پچھلے سارے مقدمات ختم کردیتا ہے اور نئے مقدمات پر زیادہ توجہ دی جاتی ہے، جیسا کہ توشہ خانہ ریفرنس میں دیکھا جاسکتا ہے، کھربوں روپے کے کرپشن کے مقدمات ختم کرنے والے نیب چیئرمین کو ایک گھڑی کی فکر ہے، باقی تو ملزم پیشی پر نہ بھی آئے تو اس کے مقدمات ختم ہورہے ہیں۔

ہم آخر کب تک طفل تسلیوں میں جیتے رہیں گے، عوام کو بھی معلوم ہونا چاہیے کہ ان کو ملنے والا وقتی ریلیف ان کو کتنا مہنگا پڑتا ہے، کیونکہ حکومت کی جانب سے جاری ہر نام نہاد منصوبے کے لیے رقم ٹیکس دینے والوں کی جیب سے ہی جاتی ہے، اس کے علاوہ جو رجسٹرڈ ٹیکس دینے والے نہیں ہیں، ان سے موبائل، پیٹرولیم مصنوعات اور سیلز ٹیکس کے بہانے کھربوں روپے لے لیے جاتے ہیں۔ عوام کو بھی سمجھنا چاہیے کہ کوئی بھی نقصان میں چلنے والا منصوبہ وہ کتنا ہی فائدہ مند کیوں نہ ہو، لیکن اس کی قیمت عوام کو ہی چکانی پڑتی ہے، کوئی ملک آپ کو ہر سال امداد نہیں دیتا، اور امداد پر قومیں ترقی نہیں کرتیں، اس کے لیے ایک ایک منصوبے کو باریک بینی سے تشکیل دینا ہوتا ہے، ایک ایک روپے کا حساب کرنا پڑتا ہے۔ اگر اسی طرح آئے روز اربوں روپے سالانہ خسارے کے منصوبے شروع ہوتے رہے تو آنے والے وقتوں میں سارا بجٹ، سرکاری ملازمین کی تنخواہوں، مراعات، پنشن اور ان خساروں میں چلنے والے منصوبوں میں لگ جائے گا اور عوام کے پاس تعلیم وصحت اور ترقیاتی بجٹ کے لیے ایک روپیہ نہیں ہوگا۔ پہلے ہی ہم بجٹ خسارہ پورا کرنے کے لیے دنیا بھر سے امداد مانگتے ہیں، اب تو دوست ممالک نے بھی امداد دینے سے انکار کرتے جارہے ہیں۔ سعودی ولی عہد نے صاف کہہ دیا تھا کہ ہمارے ٹیکس دینے والوں کا پیسہ ہے اسے ہم ایسے ہی کسی ملک کو نہیں دے سکتے، آنے والے وقتوں میں دیگر ممالک نے بھی یہی کہنا ہے۔

ملک وقوم کے لیے بہتر یہی ہے کہ ہم اب خسارے میں چلنے والے منصوبوں کے بجائے ایسی حکمت عملی اور منصوبہ بندی اپنائیں کہ آئندہ ہر پروجیکٹ منافع بخش بنایا جائے۔ پاکستان میں جاپان کی جانب سے چند اسکول بنائے گئے تھے، انہوں نے ان اسکول کے اوپر ہی سلائی مشینوں اور دیگر آلات پر مشتمل ایک کارخانہ بھی بنا کردیا، اس کارخانے سے ہونے والی آمدنی کے ذریعے وہ اسکول چلائے جاتے ہیں۔ ہم بھی اسی طرز پر سوچنا اور عمل کرنا ہوگا، کوئی بھی منصوبہ بناتے وقت اس بات کا خیال رکھنا ہوگا کہ وہ اپنے اخراجات اپنی ہی آمدنی سے پورے کرے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6

DATE: 20 JUL 2023

Page No: 14


## خودکش حملہ

بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کی کارروائیاں تواتر سے جاری ہیں۔ عموماً سکیورٹی فورسز کی گاڑیوں، چوکیوں اور تنصیبات کو نشانہ بنایا جارہا ہے۔ اگلے روز خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور کے علاقے حیات آباد میں فرنٹیئر کور (ایف سی) کی گاڑی پر خودکش حملہ ہوا بمبار نے بارود سے بھری کار ایف سی کی گاڑی سے ٹکرا کر خود کو اڑا لیا۔ خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس حکام کے مطابق سکیورٹی اہلکاروں سمیت 10 افراد زخمی ہوگئے۔ بم ڈسپوزل حکام کے مطابق دھماکے میں 20 سے 25 کلوگرام بارودی مواد استعمال کیا گیا جسے کار میں موجود سی این جی ٹینکی میں رکھا گیا تھا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ خودکش حملہ آور کا چہرہ صاف ہے جس کے چہرے کی تصاویر شناخت کے لئے نادرا بھیج دی گئی ہیں۔ حیات آباد میں خودکش دھماکہ اور گزشتہ دنوں ژوب گریژن پر حملوں سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ دہشت گردوں کا نیٹ ورک خاصا فعال ہے جس کی وجہ سے دہشت گردی کی کارروائیاں رکنے میں نہیں آرہیں اور وہ آئے دن کہیں نہ کہیں سکیورٹی اہلکاروں پر حملے کر رہے ہیں۔ خیبر پختونخوا میں 2022 میں دہشت گردی کے متعدد واقعات میں 118 اہلکار شہید ہوئے۔ یہ شہادتیں زیادہ تر صوبے کے جنوبی اضلاع میں ٹی ٹی پی کی جانب سے حملوں میں ہوئیں۔ دہشت گردی کی کارروائیوں سے متعلق ایک رپورٹ کے مطابق جنوری 2023ء میں بدترین واقعات پیش آئے اور 2018ء کے بعد سب سے زیادہ جانی نقصان ہوا جب 134 افراد کی جانیں چلی گئیں۔ پولیس لائنز کی مسجد میں دلخراش واقعہ میں 100 سے زیادہ افراد جاں بحق ہوگئے تھے۔ پاک فوج بھی دہشت گردوں کی کمر توڑنے کے لئے مسلسل آپریشن جاری رکھے ہوئے ہے اور اسے اپنے جوانوں کی قربانیاں دینی پڑ رہی ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ پوری سیاسی قیادت کو بھی یکسو ہونا ہوگا۔ بدلتے حالات میں سکیورٹی کا نظام مزید سخت کرنا اور دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو ختم کرنے کیلئے مناسب اقدامات کرنا ہوں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

DATE: 20 JUL 2023

Page No: 14

# کوئٹہ میں گرین بس سروس کا آغاز

کوئٹہ میں گرین بس سروس کا آغاز ہوگیا جس کا مقصد غریب اور متوسط طبقات کو شہر کے اندر سفر کی بہتر سہولیات کی فراہمی اور ٹریفک کے دباؤ کو کم کرنا ہے ابتدائی طور پر بلوچستان یونیورسٹی اور بلیلی کے درمیان بسیں چلائی جائیں گی اس روٹ پر 18 اسٹاپ مقرر کئے گئے ہیں بعد میں اسے شہر کے مزید علاقوں تک توسیع دی جائے گی ایئرکنڈیشنڈ بسوں میں خواتین اور بزرگ شہریوں کے علاوہ معذور افراد کے لئے وہیل چیئر کے ساتھ سفر کرنے کی سہولت موجود ہے کوئٹہ شہر میں اس وقت نجی شعبہ مختلف علاقوں میں جو بسیں چلا رہا ہے ان کی حالت بہت خراب ہے اور کرائے بھی زیادہ ہیں اس بسوں میں لوگوں کو بھیڑ بکریوں کی طرح سوار کیا جاتا ہے خواتین اور بزرگوں اور طلباء کے ساتھ ناروا طرزعمل شکایات عام ہیں گرین بس سروس کا آغاز کوئٹہ کے شہریوں کے لئے بہت بڑی سہولت ہے اسے شہر کے مختلف علاقوں تک توسیع دینے کی اشد ضرورت ہے۔ جبکہ حکومت کو بسوں کی تعداد میں اضافے پر بھی توجہ دینی چاہیے تاکہ غریب اور متوسط شہری ان بسوں سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کر سکیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6 DATE: 20 JUL 2023 Page No: 15

# Empowering LG representatives

The people of Balochistan are yearning for a positive change in their civic facilities, and it is high time we recognize the pivotal role that empowered local government representatives can play in bringing about this transformation. By decentralizing power, we empower the voices of the marginalized, strengthen democratic values, and foster local expertise to tackle the unique challenges faced by Balochistan. Together, with a united effort, we can build a brighter and more prosperous future for this beautiful province, ensuring that no community is left behind in the journey towards progress and development. The recent local bodies' election in Balochistan was marred by lengthy and lethargic procedures, leaving the people disillusioned with the existing system. As the dust settles and the newly elected representatives take charge, it is crucial to recognize the urgent need to empower them to bring about positive change in civic facilities. Balochistan, with its vast potential and resources, deserves a renewed focus on local governance, where the representatives can play a pivotal role in addressing the pressing issues faced by the people. In this editorial, we shed light on the importance of empowering local government representatives to pave the way for a brighter future in the province. Balochistan has long grappled with inadequate civic facilities, with far-flung areas experiencing the brunt of this neglect. By empowering local government representatives, we can bridge the gap between urban and rural areas, ensuring equitable access to essential services such as education, healthcare, clean water, and sanitation facilities. The representatives, being more aware of local needs, can design and implement tailored solutions to address the unique challenges faced by their communities.

Empowering local government representatives is the essence of democracy. When the decision-making process is decentralized and brought closer to the people, citizens gain a stronger voice in shaping their own destinies. This empowerment fosters a sense of ownership and responsibility among the populace, creating a more engaged and participative society. It is essential to bolster democratic principles at the grassroots level to ensure that the needs of the people are genuinely heard and addressed. An empowered local government system would naturally lead to greater transparency and accountability. As representatives gain authority over local finances and projects, they become directly responsible for the outcomes. This heightened accountability will not only instill public trust but also curb corruption and mismanagement of resources, enabling funds to be allocated more efficiently and judiciously. Local representatives are well-acquainted with the intricacies of their regions and are intimately familiar with the challenges their communities face. By empowering them, we tap into this invaluable pool of local

ovt urged to rectify irregularities in upcoming NCH's elections

By Sharratoon Akhtar

# Revitalizing the Education System in Balochistan

**Education plays a crucial role in the progress of a nation. Unfortunately, Balochistan's education system is facing significant challenges, resulting in limited access to quality education for its citizens. This article highlights the key issues and proposes solutions to revitalize the education system in Balochistan, ultimately empowering its people and fostering economic growth.**

Limited Institutions and Affordability:

Balochistan lacks sufficient educational institutions, particularly in cities burdened with poverty. Many citizens cannot afford to pursue education outside their cities due to high fees. This scarcity of institutions and financial constraints creates barriers to education, depriving people of their fundamental rights. Ensuring the availability of institutions and affordable education is crucial to address this issue.

Lack of Talented Teachers:

Another major challenge in Balochistan's education system is the shortage of skilled and competent teachers. While some cities have educational institutions, the absence of talented teachers hampers the quality of education provided. Access to industrious and proficient teachers is vital for imparting high-quality education to students, thus improving their prospects in life.

Empowering Teachers and Citizens:

Recognizing the importance of education, teachers should be accorded higher status and financial incentives, enabling them to contribute effectively to society. Educated citizens bring social and economic benefits, propelling the future development of the nation. Developed countries prioritize education and invest in creating conducive conditions for teaching, as they understand its direct impact on national growth. Education equips individuals with problem-solving abilities, enabling them to face life's challenges and lead fulfilling lives.

Youth Empowerment:

The youth generation represents the future of any country. Unfortunately, a significant portion of Balochistan's population remains uneducated. To secure the country's future, it is imperative to invest in the education of the youth. The education department needs to focus on implementing effective policies and initiatives that promote educational development. By nurturing institutions and ensuring the presence of qualified teachers, we provide the youth with a strong foundation to build their careers and contribute to the economy.

Overcoming Poverty and Access Barriers:

Poverty often prevents people from pursuing education outside their localities. To address this, Balochistan needs to establish educational institutions across the province, making education more accessible for all. Education is not just a means to a good life; it also equips individuals with the necessary skills to find livelihood opportunities and fosters peace within the country. The development of the education system can significantly enhance Balochistan's economy and overall well-being.

In conclusion, revitalizing Balochistan's education system is crucial for the region's progress and the empowerment of its citizens. By investing in education, we pave the way for a brighter future, enabling individuals to explore new opportunities, face global challenges, and contribute to the nation's growth. It is the responsibility of the government, educational institutions, and society as a whole to prioritize and champion the cause of education in Balochistan.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 6 DATE: 20 JUL 2023 Page No: 17

# عام انتخابات اور نگران سیٹ اپ پر حکومت و اپوزیشن میں مشاورت

## بزنجو حکومت کا جاتے جاتے کوئٹہ کے شہریوں کو تحفہ، کوئٹہ میں ائیر کنڈیشنڈ گرین بس سروس کا آغاز




خلیل احمد

بلوچستان اسمبلی کی آئینی مدت 12 اگست کی رات 12 بجے پوری ہو رہی ہے۔ اگر بلوچستان اسمبلی کو اپنی آئینی مدت پوری کرنے دیا گیا تو عبدالقدوس بزنجو حکومت کے ختم ہونے میں 22 دن رہتے ہیں۔ اسمبلی تحلیل کرنے کے دن قریب آتے ہی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے حکومتی اراکین اسمبلی اور حزب اختلاف کے ساتھ آئندہ عام انتخابات کیلئے نگران وزیر اعلیٰ اور نگران سیٹ اپ کے قیام پر مشاورت شروع کردی ہے۔ دو روز قبل وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے اپنی رہائش گاہ پر حکومتی اور حزب اختلاف کے اراکین اسمبلی کے اعزاز میں ایک عشائیہ دیا گیا جس میں سیاسی امور کے ساتھ بلوچستان اسمبلی کو تحلیل کرنے اور نگران سیٹ اپ کے قیام پر بھی مشاورت کی گئی اور یہ فیصلہ بھی ہوا کہ باہمی اتفاق رائے سے بلوچستان میں نگران سیٹ اپ کے قیام کیلئے مشاورت کا سلسلہ جاری رہے گا۔ جس طرح مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کے درمیان قومی اسمبلی کو 8 اگست کو تحلیل کرنے پر اتفاق رائے پایا جاتا ہے جبکہ پیپلز پارٹی کی جانب سے سندھ اسمبلی کو بھی اپنی آئینی مدت سے 4 روز قبل تحلیل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے اسی طرح غالب امکان یہی ہے کہ بلوچستان اسمبلی کو بھی اپنی آئینی مدت سے 2 یا 3 روز قبل تحلیل کیا جاسکتا ہے۔

دوسری جانب وزیر اعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو کی 22 ماہ پر مشتمل حکومت کی کارکردگی رپورٹ بھی جاری کر دی گئی، عبدالقدوس بزنجو سابق وزیر اعلیٰ جام کمال کے وزارت اعلیٰ کے منصب سے مستعفی ہونے کے بعد بلوچستان کے نئے وزیر اعلیٰ منتخب ہوئے تھے اور انہوں نے 29 اکتوبر 2021 اپنے منصب کا حلف اٹھایا تھا، حکومتی ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں صوبائی حکومت نے مختصر مدت میں جو نمایاں کامیابی حاصل کیں اور عوامی خواہشات اور امنگوں کے مطابق بلوچستان کے حقوق و مفادات کے تحفظ کے لئے جو تاریخ ساز فیصلے کئے انہیں صوبے کی سیاسی تاریخ میں طویل مدت تک یاد رکھا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ کی دوررس سوچ کے تحت خواہ وہ ریکوڈک کا تاریخی معاہدہ ہو یا بلوچستان کے عوام کے روزگار کا تحفظ عوام کے روزگار اور انکی عزت نفس کی بحالی کے لئے غیر ضروری چیک پوسٹوں کا خاتمہ ہو یا صاف و شفاف بلدیاتی انتخابات اور مردم شماری کا انعقاد سرکاری امور کی برق رفتار انجام دہی یا سرکاری افسران پر غیر ضروری دباؤ کا خاتمہ یہ وہ فیصلے ہیں جنکا ماضی کی حکومتوں میں تصور بھی نہیں کیا جا سکتا تھا۔ بزنجو حکومت میں پی ایس ایل کے کامیاب نمائشی میچ اور 19 سال بعد قومی کھیلوں کا شاندار انعقاد کیا گیا، پی پی پی موڈ کے ذریعہ بہت سے ترقیاتی منصوبوں کا آغاز ای ٹینڈرنگ سرمایہ کاری کے فروغ کے منصوبے ان سب کا کریڈٹ وزیر اعلیٰ قدوس بزنجو جاتا ہے۔ گزشتہ دو سالوں کے دوران وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے ہمیشہ بلوچستان کے معاملات و امور میں ہر فورم پر ٹھوس اصولی اور جاندار موقف اختیار کیا اور کسی بھی قسم کے دباؤ کو خاطر میں لائے بغیر اپنے موقف پر ڈٹے رہے یہ بھی حقیقت ہے کہ وزیر اعلیٰ نے اپوزیشن کو دیوار سے لگانے کے منفی رجحان کا بھی خاتمہ کیا اور انکے حلقوں کے عوام کے لئے بھی خطیر ترقیاتی فنڈز فراہم کر کے برابری کی بنیاد پر صوبے میں یکساں ترقیاتی عمل کو یقینی بنایا۔

دوسری جانب کوئٹہ میں پہلی بار گرین بس سروس کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا پائلٹ پروجیکٹ میں 8 بسیں بلوچستان یونیورسٹی سے بلیلی تک چلیں گی۔ تمام بسیں ائیر کنڈیشنڈ ہیں اور 4 بسیں 12 میٹر 41 سیٹوں پر محیط ہیں، 4 بسیں 8 میٹر 21 سیٹوں پر مشتمل ہیں۔ گرین بس سروس کے آغاز سے کوئٹہ کے شہریوں کو بھی جدید سفری سہولتوں سے آراستہ ٹرانسپورٹ میسر آئی ہے، گرین بسز میں خواتین، طلباء و طالبات اور بزرگ شہریوں اور معذور افراد سمیت تمام طبقات کے لوگوں کو آسان سفری سہولیات کی فراہمی کے ساتھ بروقت منزل پر پہنچنے میں آسانی ہوگی۔ پہلے مرحلے میں گرین بسیں بلیلی سے سریاب روڈ پر جامعہ بلوچستان تک 18 کلو میٹر تک چلیں گی نجی شعبے کی شراکت سے شروع کی گئی گرین بسوں میں سفر کیلئے 30 روپے فی سواری کرایہ مقرر کیا گیا ہے، گرین بس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ ملک نعیم احمد خان بازئی نے کہا کہ حکومت عوام کو سفری سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے۔ اس سروس کا آغاز ٹرانسپورٹروں کو اعتماد میں لے کر کیا گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کافی عرصے سے بسوں کے افتتاح کی کوشش کر رہے تھے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کا اپنے خطاب میں کہنا تھا کہ حکومت نے عوام کی سہولت کے لئے گرین بس سروس کا باضابطہ آغاز کر دیا ہے ائیر کنڈیشنڈ 8 بسیں پہلے مرحلے میں بلیلی سے بلوچستان یونیورسٹی سریاب روڈ تک آئیں گی جن میں خواتین بزرگوں بچوں اور معذور افراد کیلئے الگ نشستیں مختص ہیں انہوں نے کہا کہ گرین بسز کا یہ پہلا فیز ہے جلد ہی مزید 20 بسز لا رہے ہیں اور ہمارا ارادہ ہے کہ ان بسوں کو پورے کوئٹہ میں چلایا جائے لیکن بسوں کی کمی کی وجہ سے پہلے فیز میں اسے دو یونیورسٹیوں کے درمیان چلایا جا رہا ہے۔ مقامی ٹرانسپورٹرز کے خدشات تھے اور آج بھی ہیں۔ ہم مقامی ٹرانسپورٹرز کیساتھ بیٹھ کر یہ باتیں حل کرنا چاہتے ہیں، تاکہ معاملات کو بہتر بنایا جا سکے انکا کہنا تھا کہ سابق وزیر اعلیٰ میر جام کمال خان نے اس منصوبے کو منظور کرایا تھا اور اس وقت بسوں کا 18 کلو میٹر کا روٹ تھا ہر 15 منٹ بعد بس آتی اور جاتی رہے گی صبح 7 بجے سے شام 8 بجے تک بسیں چلیں گی فیز 2 کیلئے کچلاک، ہزار گنجی، بسزل روڈ، میاں غنڈی اور ہزارہ ٹاؤن کا انتخاب کیا گیا ہے اس حوالے سے مزید بسیں لا رہے ہیں۔ گرین بس سروس سے عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر آئیں گی۔

CMYK

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**Daily:** JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 20 JUL 2023 Page No:________



کوئٹہ : گورنر ملک عبدالولی کاکڑ کو نسٹ کیمپس کے دورے کے موقع پر بریفنگ دی جارہی ہے



کوئٹہ گورنر ملک عبدالولی کاکڑ دورہ نسٹ کے موقع پر پراجیکٹ بنانے والے طلباء میں وظائف اوارڈ تقسیم کر رہے ہیں



کوئٹہ گورنر عبدالولی کاکڑ سے چنگیز جمالی کی قیادت میں پیپلز پارٹی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

MASHRIQ QUETTA



گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (نسٹ) بلوچستان کیمپس کے دورے کے موقع پر لگائے گئے اسٹالز کا معائنہ کر رہے ہیں